روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 28 مارچ 2009ء 1430 ہجری 28 امان 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 67

شکر اور استغفار

حضرت ابوبکرؓ کی آخری بیماری میں ایک صحابی ان کی عیادت کے لئے گئے تو دیکھا کہ ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے ہیں۔ اس صحابی نے حضرت ابوبکرؓ کو ان کی خدمات یاد کر کے چپ کرانا چاہا تو حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا میں اپنے رب کا شکر ادا کر رہا ہوں۔ اور یہ خدمات مجھے استغفار سے نہیں روکتیں۔ چنانچہ اسی حالت میں آپ کی وفات ہوگئی۔

(البیان والتبیین للجاحظ جلد4 صفحہ11 کتاب الزھد باب احتضار ابی بکر۔ احیاء التراث العربی۔ بیروت)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یادرکھو کہ یہ دو چیزیں اس ....کو عطا فرمائی گئی ہیں۔ ایک قوت حاصل کرنے کے واسطے، دوسری حاصل کردہ قوت کو عملی طور پر دکھانے کے لئے۔ قوت حاصل کرنے کے واسطے استغفار ہے جس کو دوسرے لفظوں میں استمداد اور استعانت بھی کہتے ہیں۔ صوفیوں نے لکھا ہے کہ جیسے ورزش کرنے سے مثلاً مگدروں اور موگریوں کو اٹھانے اور پھیرنے سے جسمانی قوت اور طاقت بڑھتی ہے۔ اسی طرح پر روحانی مگدر استغفار ہے۔ اس کے ساتھ روح کو ایک قوت ملتی ہے اور دل میں استقامت پیدا ہوتی ہے۔ جسے قوت لینی مطلوب ہو وہ استغفار کرے۔ غفر ڈھانکنے اور دبانے کو کہتے ہیں۔ استغفار سے انسان ان جذبات اور خیالات کو ڈھانپنے اور دبانے کی کوشش کرتا ہے۔ جو خدا تعالیٰ سے روکتے ہیں۔ پس استغفار کے یہی معنے ہیں کہ زہریلے مواد جو حملہ کر کے انسان کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں۔ ان پر غالب آوے اور خدا تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری کی راہ کی روکوں سے بچ کر انہیں عملی رنگ میں دکھائے۔

یہ بات بھی یادرکھنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان میں دو قسم کے مادے رکھے ہیں۔ ایک سمی مادہ ہے۔ جس کا موکل شیطان ہے اور دوسرا تریاقی مادہ ہے۔ جب انسان تکبر کرتا ہے اور اپنے تئیں کچھ سمجھتا ہے اور تریاقی چشمہ سے مدد نہیں لیتا۔ تو سمی قوت غالب آجاتی ہے۔ لیکن جب اپنے تئیں ذلیل وحقیر سمجھتا ہے اور اپنے اندر اللہ تعالیٰ کی مدد کی ضرورت محسوس کرتا ہے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک چشمہ پیدا ہو جاتا ہے۔ جس سے اس کی روح گداز ہو کر بہہ نکلتی ہے اور یہی استغفار کے معنی ہیں۔ یعنی یہ کہ اس قوت کو پا کر زہریلے مواد پر غالب آجاوے۔

غرض اس کے معنی یہ ہیں کہ عبادت پر یوں قائم رہو۔ اول۔ رسول کی اطاعت کرو۔ دوسرے ہر وقت خدا سے مدد چاہو۔ ہاں پہلے اپنے رب سے مدد چاہو۔ جب قوت مل گئی تو توبوا الیہ یعنی خدا کی طرف رجوع کرو۔

استغفار اور توبہ دو چیزیں ہیں۔ ایک وجہ سے استغفار کو توبہ پر تقدم ہے، کیونکہ استغفار مدد اور قوت ہے جو خدا سے حاصل کی جاتی ہے اور توبہ اپنے قدموں پر کھڑا ہونا ہے۔ عادۃ اللہ یہی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ سے مدد چاہے گا، تو خدا تعالیٰ ایک قوت دے دے گا اور پھر اس قوت کے بعد انسان اپنے پاؤں پر کھڑا ہو جاوے گا اور نیکیوں کے کرنے کے لئے اس میں ایک قوت پیدا ہو جاوے گی۔ جس کا نام توبوا الیہ ہے۔ اس لئے طبعی طور پر بھی یہی ترتیب ہے۔ غرض اس میں ایک طریق ہے جو سالکوں کے لئے رکھا ہے کہ سالک ہر حالت میں خدا سے استمداد چاہے۔ سالک جب تک اللہ تعالیٰ سے قوت نہ پائے گا، کیا کر سکے گا۔ توبہ کی توفیق استغفار کے بعد ملتی ہے۔ اگر استغفار نہ ہو، تو یقیناً یادرکھو کہ توبہ کی قوت مر جاتی ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 348)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''ہماری جماعت کو چاہئے کہ قرآن کریم کے شغل اور تدبّر میں جان ودل سے مصروف ہو جائیں......اس وقت قرآن کا حربہ ہاتھ میں لو تو تمہاری فتح ہے اس نور کے آگے کوئی ظلمت ٹھہر نہ سکے گی۔''

(الحکم 17 اکتوبر 1900ء)

داخلہ مدرسۃ الحفظ طالبات ربوہ

مدرسۃ الحفظ طالبات 3/14 دارالعلوم غربی حلقہ ثناء میں داخلہ برائے سال 2009ء کے لئے درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ 30 جولائی 2009ء ہے۔ داخلہ کے خواہشمند والدین سے درخواست ہے کہ داخلہ کے لئے درخواست سادہ کاغذ پر بنام ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ جمع کروائیں۔

نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، ایڈریس مع ٹیلی فون نمبر (اگر ہو تو)

پرائمری پاس سرٹیفیکیٹ کی فوٹو کاپی

برتھ سرٹیفیکیٹ کی فوٹو کاپی

درخواست پر صدر / امیر جماعت کی تصدیق لازمی ہے۔

اہلیت

1۔ امیدوار کیلئے ضروری ہے کہ 31 جولائی 2009ء تک اس کی عمر بارہ سال سے زائد نہ ہو۔

2۔ امیدوار پرائمری پاس ہو۔

3۔ قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

4۔ امیدوار کا حفظ قرآن کریم میں ذاتی شوق و دلچسپی ضروری ہے۔

تمام درخواستیں نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں جمع کروائیں۔

انٹرویو / ٹیسٹ 9، 10 / اگست 2009ء کو صبح ساڑھے سات بجے ادارہ میں ہوگا۔

انٹرویو کیلئے امیدواران کی لسٹ 6 / اگست 2009ء کو نظارت تعلیم ربوہ اور مدرسۃ الحفظ طالبات میں لگائی جائے گی۔ کامیاب امیدواران کی لسٹ 12 / اگست 2009ء کو صبح 9 بجے ادارہ میں لگائی جائے گی۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 526

زیارت گنبد خضریٰ کی قلبی تمنا

حضرت بھائی عبدالرحمٰن صاحب نے سفر یورپ 1924ء کی ڈائری میں تحریر فرمایا ہے کہ 21 جولائی 1924ء کو جبکہ جہاز بمبئی سے پورٹ سعید کی طرف رواں دواں تھا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بوقت شام فرمایا:۔

"بیت المقدس سے مدینہ منورہ صرف 400 میل کے فاصلہ پر رہ جاتا ہے اگر ایک ہفتہ اور چھٹی کرلی جاوے تو پھر زیارت مدینہ منورہ سے بھی مشرف ہوسکتے ہیں۔فرمایا میں اس تجویز پر غور کر رہا ہوں مگر ہمارے اس جہاز نے تین دن لیٹ کرکے ہمارا بڑا نقصان کیا ہے۔بہرحال اگر کوئی صورت ممکن ہوئی تو زیارت مدینہ منورہ کی بھی کوشش کی جاوے گی انشاء اللہ مگر ابھی فیصلہ نہ سمجھیں۔

اسی طرح حضور نے یہ بھی فرمایا کہ ہمارا ارادہ ہے کہ ساتھیوں کو آگے روانہ کرکے خود ایک ہفتہ میں برلن اور دیگر بڑے بڑے مقامات یورپ کا بھی دورہ کرلیا جاوے تا کہ اس بات کا فیصلہ کرنے میں آسانی ہو کہ آئندہ مشن کہاں کہاں رکھا جاوے۔"

(حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا سفر یورپ 1924ء ص 29)

مغربی تہذیب وتمدن کے مقابلہ کا عزم صمیم

حضرت بھائی صاحب نے اپنی ڈائری میں یہ بھی لکھا ہے کہ

حضور نے بیان فرمایا کہ یورپ کے متعلق مجھے اس بات کا خطرہ اور فکر نہیں ہے کہ ان کا مذہب کیوں کر فتح کیا جائے گا۔مذہب کے متعلق تو مجھے یقین ہے کہ عیسائیت (دین) کے سامنے جلد تر سرنگوں ہوگی۔مجھے اگر فکر ہے تو صرف یہ ہے کہ یورپ کا تمدن اور یورپ کی ترقی Intellectual (دفاعی ترقی) کا کیوں کر مقابلہ کیا جاوے۔یہی دو باتیں ایسی ہیں کہ میں راتوں کو اس فکر میں گزار دیتا ہوں، گھنٹوں اس بچار میں پڑا رہتا ہوں۔ان اقوام کا یہ اصول ہے کہ تمام وہ چیزیں جو ترقی کرنے والی قوم کے راستہ میں روک ہیں ان کو ہٹا دیا جاوے اور اس کے واسطے اکثر انہوں نے سینکڑوں نہیں بعض اوقات ہزاروں جانوں کو ضائع کرنے سے دریغ نہیں کیا۔وہ کہا کرتے ہیں کہ اگر جنگلی جھاڑیوں کو کاٹ کر ان کی بجائے پھل اور پھول پیدا کرنے والے درخت لگا دیئے جائیں تو کیا حرج ہے اور کس کو اعتراض ہے۔اس اصل کے ماتحت ان لوگوں نے بعض جگہ عورتوں اور بچوں تک کے قتل سے دریغ نہیں کیا۔بھاگتی عورتیں قتل کی گئیں۔

ان لوگوں کی کتابیں اور مضامین میں نے پڑھے ہیں۔ان لوگوں نے اب ایشیا کو پھاڑنے کی غرض سے ایک سکیم بنائی ہے جس سے معلوم ہوا ہے کہ سنگاپور سے اب یہ حملہ کریں گے اور ایشیا کو دو ٹکڑے کرکے الگ الگ ان کو مفتوح کرنے کی کوشش کریں گے۔ بہت ہی باریک اور وسیع سکیم ہے۔

اس کے مقابلہ میں، میں نے سوچا ہے کہ ایشیا کو ابھی سے تیار کرنا چاہئے ورنہ ایشیا کی ہستی بالکل اب معرض خطر میں ہے۔ایک تجویز تو میں نے یہ سوچی ہے کہ ایشیا اپنے تمدن پر سختی سے قائم ہو جائے اور اس کے خلاف یورپ کے تمدن اور ان کے لباس کو ترک کر دے۔ اپنی آئندہ نسلوں کے دلوں میں اس بات کے لئے ایک حمیّت اور غیرت پیدا کرنے کی کوشش کی جاوے کہ ہمارا تمدن، لباس ان لوگوں سے اعلیٰ ہے اور ہم ان کے مقابلہ میں ان سے معزز تر ہیں۔ان کے خیالات کے پیدا ہونے کا یقینی نتیجہ یہ ہوگا کہ پھر یورپ کا افسوں ایشیا پر ہرگز ہرگز کارگر نہ ہوگا۔" (صفحہ:33)

قرآں پاک ہاتھ میں ہو دل میں نور ہو
مل جائے مومنوں کی فراست خدا کرے
دجال کے بچھائے ہوئے جال توڑ دو
حاصل ہو تم کو ایسی ذہانت خدا کرے
(کلام محمود)

☆......☆......☆......☆

قرآن کی برکت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

"یہ فخر قرآن مجید کو ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں ہر مرض کا علاج بتایا ہے اور تمام قویٰ کی تربیت فرمائی ہے اور جو بدی ظاہر کی ہے اس کے دور کرنے کا طریق بھی بتایا ہے۔اس لئے قرآن مجید کی تلاوت کرتے رہو اور دعا کرتے رہو اور اپنے چال چلن کو اس کی تعلیم کے ماتحت رکھنے کی کوشش کرو۔"

(ملفوظات جلد 5 صفحہ 102)

(مرسلہ: نظارت تعلیم القرآن ووقف عارضی)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

31 مارچ 2009ء

12-20 am	لقاء مع العرب
1-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am	گلشن وقف نو
3-30 am	خطبہ جمعہ
4-30 am	خلافت جوبلی کوئز
5-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5-15 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-10 am	فرنچ کلاس
6-35 am	لقاء مع العرب
7-40 am	سیرت حضرت مسیح موعود
8-05 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
8-25 am	خطبہ 28 مارچ 2008ء
9-25 am	فرنچ سروس
10-30 am	خلافت جوبلی کوئز
11-00 am	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
12-10 pm	چلڈرن کلاس
1-15 pm	سوال وجواب
2-10 pm	انڈونیشین سروس
3-05 pm	امپیریل کالج آف لندن میں کانفرنس
4-00 pm	خطبہ جمعہ
5-05 pm	تلاوت، خبریں
6-00 pm	بنگلہ پروگرام
7-00 pm	مجلس انصاراللہ یو۔کے کا اجتماع
7-40 pm	پروفیسر عبدالسلام صاحب
8-30 pm	گلشن وقف نو
9-40 pm	سوال وجواب
10-30 pm	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
11-00 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11-30 pm	عربی سروس

یکم اپریل 2009ء

12-30 am	خطبہ جمعہ
1-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am	چلڈرنز کلاس
3-15 am	مجلس انصاراللہ یو۔کے کا اجتماع
4-50 am	انتخاب سخن
5-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5-10 am	تلاوت، خبریں
6-00 am	عربی سیکھئے
6-30 am	لقاء مع العرب
7-35 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
8-15 am	سوال وجواب
9-15 am	پروفیسر عبدالسلام صاحب
10-15 am	مجلس انصاراللہ یو۔کے کا اجتماع
11-05 am	تلاوت، خبریں
12-05 pm	جامعہ احمدیہ کلاس یو۔کے
1-25 pm	شمائل نبویؐ
1-55 pm	سوال وجواب
3-00 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	سواحیلی مذاکرہ
5-10 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 pm	بنگلہ پروگرام
7-00 pm	خطبہ جمعہ
8-10 pm	تقریر جلسہ سالانہ جرمنی
8-55 pm	جامعہ احمدیہ کے یو۔کے کلاس
11-00 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11-10 pm	درس حدیث
11-30 pm	عربی سروس

2/اپریل 2009ء

1-20 am	لقاء مع العرب
2-15 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
2-50 am	جامعہ احمدیہ کلاس یو کے
3-50 am	تقریر جلسہ سالانہ جرمنی
4-45 am	خطبہ جمعہ
5-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5-10 am	تلاوت
5-20 am	شمائل نبویؐ
5-55 am	ہماری کائنات
6-20 am	لقاء مع العرب
7-15 am	سیمینار
8-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
8-20 am	خطبہ جمعہ
9-40 am	پُرکشش آسٹریلیا
10-15 am	تقریر جلسہ سالانہ
11-05 am	تلاوت، درس ملفوظات
11-30 am	حضور انور کے ساتھ کلاس
12-50 pm	سوال وجواب
2-10 pm	دورہ حضور انور
3-10 pm	انڈونیشین سروس
4-15 pm	المائدہ
4-40 pm	پشتو مذاکرہ
5-00 pm	تلاوت، درس ملفوظات
5-30 pm	المائدہ
6-00 pm	بنگلہ پروگرام
7-20 pm	ترجمۃ القرآن
8-30 pm	دورہ حضور انور
9-35 pm	ملاقات پروگرام
11-00 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11-30 pm	براہ راست عربی سروس Live

پبلشر وپرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم ملک لطیف احمد سرور صاحب

اہلیہ محترمہ رفیعہ بیگم صاحبہ کی یاد میں

زندگی میں انسان کی قدروقیمت، اہمیت کا احساس و ادراک نہیں ہوتا کیونکہ اس وقت وہ معمولات زندگی کا حصہ ہوتا ہے۔لیکن اس قابل قدر چیز کی عدم موجودگی اس کی عزت وعظمت میں اضافہ کر دیتی ہے۔دانشمند انسان کا فرض ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی نعماء کی قدر کرے۔

میری دعا گو والدہ محترمہ 13/اپریل 1976ء کو وفات پا گئیں۔حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ازراہ شفقت نماز جنازہ پڑھائی۔اظہار افسوس کیا اور ڈھارس بندھائی۔پھر بہشتی مقبرہ میں تدفین ہوئی۔ابھی میں اس غم سے سنبھلا نہ تھا کہ میری بیوی شمیم سرور جو کہ میری والدہ کی حقیقی بھانجی بھی تھیں اور ملک بشیر الدین آف ڈیوس روڈ لاہور کی اکلوتی ہمشیرہ تھیں۔مورخہ 30/اکتوبر 1976ء کو اچانک گردے فیل ہونے سے وفات پا گئیں۔حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ازراہ شفقت نماز جنازہ پڑھائی۔مرحومہ کی عمر اس وقت تیس سال کے لگ بھگ تھی۔اپنے پیچھے چھوٹے تین لڑکے اور ایک لڑکی چھوڑ گئی۔اب تینوں لڑکے بفضل اللہ تعالیٰ ملک لئیق احمد، ملک انیس احمد اور ملک رفیق احمد ٹورانٹو (کینیڈا) میں ہیں جبکہ بیٹی امریکہ میں ہے۔1976ء میرے لئے سال حزن تھا۔اچانک گھر کا شیرازہ بکھر گیا۔یہ وقت میرے لئے انتہائی اذیت اور کرب کا تھا۔ان حالات کی وجہ سے میں شادی کا تصور بھی ذہن سے نکال چکا تھا اور سخت ذہنی کشمکش میں مبتلا تھا اسی دوران مجھے قیادت خدام الاحمدیہ ضلع سے ناظم انصار اللہ ضلع شیخوپورہ کی ذمہ داری سونپی گئی۔

جب اللہ تعالیٰ کسی پر فضل فرماتا ہے تو اس شخص کی مشکل کشائی کے لئے نہایت شفیق محسن اور دعا گو اشخاص بطور مددگار پیدا کر دیتا ہے جو دعاؤں کے ساتھ ساتھ اس کے ذاتی مددگار بھی بن جاتے ہیں۔میرا یہ المناک دور محض اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان اور امام وقت کی محبت بھری دعاؤں، شفقتوں اور احسانات کی وجہ سے کامیابی اور کامرانی میں منتقل ہوا۔محترم چوہدری محمد انور حسین صاحب مرحوم امیر جماعت ضلع شیخوپورہ مجھے اپنی کار میں ربوہ لے گئے۔حضور پُرنور سے شرف ملاقات حاصل ہوا اور ساتھ عرض کی کہ والدہ اور بیوی کے انتقال کی وجہ سے گھر کا نظام بگڑ گیا ہے۔اس کی ذہنی آسودگی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔اس کے بعد حضرت مرزا طاہر احمد صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہیں بھی اس سلسلہ میں درخواست کی۔چنانچہ انہوں نے اسی وقت کچھ رشتے تجویز فرمائے اور بات چیت شروع کر دی۔کچھ عرصہ بعد میں نے حضرت صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ مجوزہ رشتے میری حیثیت سے بالا ہیں میرے گھریلو اور مالی حالات اتنے مستحکم نہیں ہیں جس پر آپ نے فرمایا ''ناشکری نہیں کرنی''۔میں خاموش ہو گیا۔اللہ تعالیٰ کا کرنا ایسا ہوا کہ چھوٹے بچوں کی وجہ سے کچھ رکاوٹیں پیدا ہوئیں اور وہ سلسلے منقطع ہو گئے۔پھر ایک اور ملاقات پر خاکسار مکرم چوہدری محمد انور حسین کے ساتھ حضرت میاں صاحب کی کوٹھی پر حاضر ہوا۔چائے پینے کے بعد مکرم چوہدری صاحب سے اس عندیہ کا اظہار کیا کہ اس کی شادی کسی نزدیکی مقام پر ہوتا کہ سسرال آنے جانے میں وقت کا ضیاع نہ ہو۔

اللہ تعالیٰ کا عجیب تصرف ہوا کہ دوسرے روز ہی محترمہ رشیدہ بیگم (استانی صاحبہ) زوجہ سید پیر لال شاہ صاحب اپنی پنشن میں پیچیدگی کے باعث میرے گھر تشریف لائیں۔میں نے ان سے کاغذات لے کر محکمہ سے درستی کروائی۔وہ میری والدہ محترمہ مرحومہ سے بھی بہت عقیدت رکھتی تھیں اور مجھے بھی بچوں کی طرح سمجھتی تھیں۔مجھے کہا! ''اگر میں تمہارا رشتہ کسی مناسب جگہ کردوں تو تمہیں کوئی اعتراض تو نہ ہوگا میں نے پوچھا کونسا رشتہ ہے؟ جس پر انہوں نے فرمایا کہ تم میرے بیٹے ہو اور وہ میری شاگردہ ہے۔اس لئے میں تم دونوں کی خوشی کی متمنی ہوں۔جس پر میں نے خاموشی اختیار کر کے انہیں رضامندی کا اشارہ دے دیا۔جس پر انہوں نے خوشی کا اظہار کیا اور بہت دعائیں دیں۔

چند دن کے وقفہ کے بعد انہوں نے چوہدری غلام حیدر صاحب نمبردار واربرٹن کو مکرم چوہدری محمد انور حسین صاحب امیر جماعت ضلع شیخوپورہ کے پاس بھجوایا اور خود بہمراہ رشیدہ بیگم بنت صوفی عبدالعزیز رفیق حضرت مسیح موعود میرے گھر تشریف لائیں۔چند معمولی معلومات کے حصول کے بعد بات پکی ہوگئی۔شیخوپورہ میں نکاح فارم پُر کرنے کے بعد حضرت میاں طاہر احمد صاحب کی خدمت میں ربوہ حاضر ہوگئے۔بعد از دعا نکاح فارم حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی خدمت اقدس میں پیش کر دیئے گئے۔چنانچہ آپ نے ازراہ شفقت 12 فروری 1979ء کو نکاح کا اعلان فرمایا۔آیات مسنونہ کی تلاوت کے بعد حضور پُرنور نے فرمایا:۔

''جو آیات قرآنی نکاح کے موقع پر پڑھی جاتی ہیں ان میں انسانی زندگی کی بنیادی حقیقت بتائی گئی ہے جو یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرو۔

تمہارے اعمال بھی صالح ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کی مغفرت کے بھی تم وارث ہو گے۔یعنی تمہارا معاشرہ بھی دینی تعلیم کے نیچے ایک نہایت پاکیزہ اور خوشحال معاشرہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ کی رضا کو بھی تم حاصل کرنے والے ہو گے۔اللہ تعالیٰ ہمیں اس حقیقت کے سمجھنے، اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا کرے''۔

(ایجاب وقبول کے بعد حضور نے ان رشتوں کے بابرکت ہونے کے لئے ہاتھ اٹھا کر دعا فرمائی)۔

(روزنامہ الفضل 19 مارچ 1979ء)

امام وقت کا نکاح پڑھانا ہمارے دونوں خاندانوں کی سعادت اور خوش بختی کا موجب تھا جس کا ہم دونوں کو ہمہ وقت احساس رہا۔یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان ہے اگر چہ ہماری عمروں میں بھی بڑا تفاوت تھا۔رفیعہ بیگم کی عمر 22 سال تھی جبکہ میری عمر 41 سال تھی۔نکاح کے موقعہ مکرم چوہدری محمد انور حسین صاحب امیر جماعت ضلع شیخوپورہ کے ہمراہ کثیر احباب جماعت بھی ربوہ تشریف لائے تھے۔اعلان نکاح کے بعد مکرم چوہدری صاحب نے ہی میرے سسر مکرم چوہدری غلام حیدر صاحب سے رخصتانہ کی تاریخ 10/اپریل 1979ء مقرر کی۔اپنے بیٹے مکرم چوہدری محمد بشیر صاحب سابق ایم پی اے کو بارات کے ساتھ روانہ کیا۔11/اپریل 1979ء کو دعوت ولیمہ میں ضلع بھر کے عہدیداران کے ہمراہ شرکت کی۔گھر بھی تشریف لائے اور دعاؤں سے نوازا۔

محترمہ رفیعہ بیگم میں بھی کثرت سے تربیتی کلاسوں میں شمولیت کی وجہ سے خلیفہ وقت سے محبت کا جذبہ موجزن تھا۔تربیتی کلاسوں کے بعد حضور پُرنور کی ملاقات اور شفقتوں کا ذکر کرتی رہتی تھی۔اطاعت اور فرمانبرداری اور بات کو سمجھنے کی اہلیت بھی تھی اس لئے مجھے بھی خدمت دین میں یکسوئی سے امور کی انجام دہی کا موقع مل جاتا تھا اور میرے بکھرے ہوئے گھر میں امن وسکون پیدا ہو گیا۔

کچھ لوگوں کو خصوصاً عورتوں میں سے چند کو یہ بیماری لاحق ہے وہ نا سمجھی سے یا ارادۃً کچھ غلط فہمیاں پیدا کر دیتی ہیں۔بعض نے میری بیوی سے ان الفاظ میں اظہار کیا ''تم اتنی جوان، خوبصورت، قد آور ہو تیرے والدین نے کیا سوچا، کیا تیری ماں حقیقی ہے یا سوتیلی، تمہیں جہنم میں جھونک دیا ہے کیسے گزارا ہوگا۔ابھی کچھ نہیں بگڑا''۔اس طرح بہت سی باتیں ہوئیں۔

کچھ ہمارے بارے میں بھی خدشات پیدا کئے گئے۔الغرض ایسی باتوں پر لازماً اثر ہوتا ہے جبکہ دو نئے خاندانوں کا جن کی آپس میں راہ و رسم نہ ہو۔ایک دوسرے کے طور طریق سے واقف نہ ہوں رہن سہن اور طبائع کا اختلاف بہت سے مسائل کو جنم دے دیتا ہے۔اس کی طبیعت پر خاموشی غالب آگئی۔ایک دن اس خاموشی کا سبب پوچھا تو ٹھنڈی سانس بھر کر کہا کہ کچھ عورتوں نے مختلف قسم کی باتیں کر کے میرا جینا دوبھر کر دیا ہے اس پر اس کو مشورہ دیا گیا کہ جذبات کے زور پر نہیں بلکہ حکمت، دانائی اور عقل سے ان کی باتوں پر توجہ نہ دیں۔ان کی اہمیت کم کر دو۔وہ خود بخود خاموش ہو جائیں گی مگر عقل اور جذبات کو حد اعتدال پر رکھنا ضروری ہے۔اس لئے ان ہمدردوں پر یہ واضح کر دینا کہ میرا نکاح میرے والدین کی باہمی رضامندی سے ہوا ہے اور خلیفہ وقت نے ہمارا نکاح پڑھایا ہے جو ہمارے خاندانوں کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے اس کے بعد ایسی ناصح عورتوں سے کنارہ کشی بھی کی۔اس اعزاز کے تذکرہ کے نتیجہ میں بہت سی روشن راہیں ہمارے لئے کھلیں۔بعض اختلاف باعث رحمت بن گئے اور اختلاف کی کوکھ سے رحمت کی نئی خوشیاں جنم لیتی رہیں۔دعاؤں میں شدت آگئی اور اس کی رحمت کے نظارے حقیقت میں بدلنے لگے۔

27 فروری 1980ء بروز بدھ لڑکے کی پیدائش ہوئی۔حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی خدمت میں بذریعہ ٹیلیگرام بیت الاحمدیہ مارٹن روڈ کراچی دعا کے لئے اطلاع دی گئی۔حضور پُرنور کی کراچی سے واپسی پر مکرم چوہدری محمد انور حسین صاحب امیر جماعت ضلع شیخوپورہ کی ہمراہی میں ربوہ پہنچے۔حضرت مرزا طاہر احمد صاحب کی خدمت میں گھر پر حاضری دی۔بچے کے لئے دعا کی درخواست کی۔چائے پینے کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی خدمت میں حاضر ہوئے۔حضور پُرنور نے اپنے ڈرائنگ روم میں ہمیں بلالیا اور فرمایا ''اس وقت کیسے آنا ہوا''۔میں نے عرض کی حضور! بچے کا نام تجویز کروانا ہے۔حضور پُرنور اس وقت کچھ تحریر فرما رہے تھے اور ساتھ مسکرا رہے تھے۔ہم ایک طرف کھڑے ہوگئے۔مکرم چوہدری صاحب نے مجھے فرمایا کہ حضور پُرنور نے آپ کی بات نہیں سنی۔دوبارہ بتاؤ حالانکہ یہ بات مجھے نہایت آہستگی سے کہی گئی تھی۔حضور پُرنور کی سماعت بڑی تیز تھی۔اسی اثناء میں وہ تحریر بھی مکمل ہوگئی۔حضور پُرنور مسکراتے ہوئے ہماری طرف آئے اور مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ یہ بیٹا دوسری بیوی سے ہے یا کہ تیسری سے میں نے عرض کی کہ دوسری بیوی سے ہے پھر فرمایا تیسری کب کرنی ہے؟ میں نے عرض کی اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطور انعام ہے تو ٹھیک ہے۔اس پر حضور پُرنور نے پہلے لڑکوں کے نام دریافت کئے اور فرمایا کہ اب میں ناموں کی ترتیب بدل دیتا ہوں اور لڑکے کا نام احمد نفیس تجویز فرمایا۔حضور پُرنور مکرم چوہدری محمد انور حسین صاحب سے جماعتی اور ملکی حالات دریافت فرماتے رہے۔حاضر دوستوں کے حال احوال پوچھتے رہے اس کے بعد محبت بھری دعاؤں سے ہمیں رخصت کیا۔نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضرت صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب کے گھر حاضری دی۔

انہیں لڑکے کے نام رکھنے کی روداد سنائی جس پر آپ نے تبسم فرمایا اور ہمیں کھانا کھلایا۔ باہر گاڑی تک چھوڑنے کے لئے تشریف لائے۔ ڈرائیور سے بھی اس کا حال احوال پوچھا اور محبت بھری دعاؤں سے ہمیں رخصت کیا۔

المختصر یہ اللہ تعالیٰ کا احسان، خلیفہ وقت کی دعاؤں اور بزرگان سلسلہ کی التفات نظر کا ثمرہ تھا۔ اگرچہ اس وقت خلیفہ وقت کے ان الفاظ کو خوش طبعی سمجھا گیا لیکن 28 سال بعد یہ حقیقت ذہن میں ابھری کہ خلیفہ وقت کی ہر بات پُر حکمت ہوتی ہے اس میں بہت سے مخفی اسرار ہوتے ہیں جو اپنے وقت پر آ کر منکشف ہوتے ہیں اور وہ پیشگوئیاں بن جاتے ہیں جیسا کہ کسی نے کہا ہے۔ ؎

گفتہ او گفتہ اللہ بود
گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

محترمہ رفیعہ بیگم ایک صابرہ، شاکرہ اور قناعت پسند خاتون تھی۔ قرآن کریم کی تلاوت نہایت خوش الحانی اور سوز سے کرتی تھی جس کا سننے والے کے دل پر اثر ہوتا تھا۔ رمضان المبارک میں خصوصی طور پر قرآن مجید کے تین دور ایک ماہ میں ضرور مکمل ہوتے اور دیگر ایام میں بھی عموماً یہی طریق تھا۔ لجنہ کے اجلاسات میں بھی تلاوت کرتی تھی۔ قرآن مجید سے عشق تھا۔ صوم وصلوٰۃ کی پابند، تہجد گزار اور دعا گو تھی۔ اس کے خاندان کے بعض قریبی عزیز جو کہ اپنی سیاسی اغراض کی وجہ سے جماعت کے مخالف ہو گئے تھے۔ ان کی تلخ نوائی پر نہ صرف نفرت بلکہ سخت رویہ بھی اختیار کیا اور ایسے تمام لوگوں کا گھر میں داخلہ بند کر دیا تا کہ بچے ان کے بداثرات سے محفوظ رہیں۔ میرا چونکہ زیادہ وقت بحیثیت ناظم انصاراللہ ضلع اکثر گھر سے باہر گزرتا اس نے نہایت سلیقہ اور قناعت سے گھر کا نظام چلایا جس کی وجہ سے بفضل اللہ تعالیٰ مجھے جماعتی امور کی انجام دہی میں کبھی بھی پریشانی نہیں آئی۔ جماعتی کارکنوں مہمانوں اور ضرورتمندوں کے لئے اور ان کی بے وقت آمد پر مجھے کوئی پریشانی لاحق نہ ہوتی تھی۔ کیونکہ اس نے آمدہ ضروریات کے پیش نظر ہنگامی ضروریات کے لئے ذخیرہ رکھا ہوتا تھا۔ اس لحاظ سے بھی میرے لئے ایک نہایت پُرسکون اور خوشحال فضا پیدا ہو جاتی تھی۔ خلیفہ وقت کی شفقتوں اور بزرگان سلسلہ کی دعاؤں کے نتیجہ میں ہر روز میرا پہلے سے بہتر گزرتا گیا۔ اللہ تعالیٰ کے بیشمار انعامات مجھ پر نازل ہوئے اور ہوتے رہیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

اس کی خلافت سے بھی گہری وابستگی تھی۔ خلیفہ وقت اور جماعت کی حفاظت وسلامتی کے لئے دعا کرنا اور MTA دیکھنا مشغلہ تھا۔ جماعتی تحریکات میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ جماعتی اجلاسات کو اپنے گھر میں کرانا۔ دعوتوں کا اہتمام کرنا، حاجتمندوں کو کپڑے دینا اور خدمت کرنے والیوں کو باقاعدگی سے کھانا کھلانا نیز دارالضیافت ربوہ میں سال میں دو دفعہ زیارت مرکز کے لئے جانا اور جاتے ہوئے دارالضیافت میں استعمال کے لئے کچھ چیزیں بھی ساتھ لے جاتی تھی۔ عزیز واقارب کے ہاں بچوں کو لے جانے کی بجائے دارالضیافت کو ترجیح دیتی تھی۔ تقدیر خداوندی کہ میری بیوی 2004ء کے پہلے ہفتہ میں چھاتی کے کینسر میں مبتلا ہوگئی۔ بسیار علاج کے باوجود افاقہ نہ ہوا۔ کیموتھراپی کورس بھی کروائے گئے۔ ہومیوپیتھک علاج بھی ہوتا رہا۔ بیماری غالب آ گئی۔ میرے بیٹے ملک رفیق احمد نے کینیڈا سے اپنی والدہ کو ٹیلیفون پر کہا کہ آپ علاج میں غفلت نہ کرنا اور بہتر ڈاکٹر سے علاج کروانا اور رقم کی فکر نہ کرنا وہ میں بھجواتا رہوں گا۔ چنانچہ اس نے والدہ پر بے دریغ روپیہ خرچ کیا۔ عزیزم لئیق احمد اور ملک انیس احمد بھی ٹیلیفون کے ذریعہ حال احوال دریافت کرتے رہے اور تعاون کرتے رہے۔ عزیزم ملک احمد نفیس اور ملک مشہود اور دیگر بچے بچیوں نے مثالی خدمات سرانجام دیں۔ ہمہ وقت اس کی خدمت پر مامور رہے۔ اس کے علاوہ رفیعہ بیگم کی بہنوں میں نسیم بیگم اور مجیدہ بیگم نے دن رات خدمت کی اور اپنے بچوں کی پرواہ تک نہ کی اس کی دلجوئی اور خدمت بجالاتے رہے وہ بھی ان پر بڑی مہربان رہی اور ہمیشہ ہی ان کے ساتھ مشفقانہ سلوک کرتی رہی۔ میں نے ہسپتال میں کینسر کے مریضوں کی حالت دیکھی وہ نہایت ہی اذیت ناک اور کرب وبلا میں مبتلا تھے۔ ان کی حالت دیکھی نہ جاتی تھی جبکہ رفیعہ بیگم کی کیفیت میں ایک قسم کا سکون اور اطمینان تھا۔

یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور دعاؤں کا نتیجہ تھا اسی اثناء میں پھیپھڑوں میں پانی پڑ گیا تھا۔ پھیپھڑوں سے پانی نکالنے کا عمل انتہائی اذیت ناک تھا۔ ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ ٹیوب لگوائی جائے اس نے انکار کر دیا اور پانی نکالنے کے عمل کو ترجیح دی۔ ڈاکٹروں نے خود اعتراف کیا کہ بڑی حوصلہ مند خاتون ہے۔ آخری ایام میں اس نے مجھے واضح طور پر کہا کہ میرا وقت پورا ہو گیا ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ دوسری بیٹی کی فوری شادی کا اہتمام کیا جائے۔ چنانچہ بیماری کے دوران ہی رشتہ طے ہوا۔ 5 اگست 2007ء کو شادی ہوئی اور 2 ستمبر 2007ء بروز اتوار وہ اپنے مولا حقیقی سے جا ملی۔ میرے ساتھ 28 سالہ رفاقت رہی۔ 52 سال کی عمر میں وفات پا گئیں۔ اس دوران اس کے بطن سے تین لڑکے اور چار لڑکیاں پیدا ہوئیں۔

اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور اس کی تمام دعائیں جماعت اور اولاد کے حق میں قبول فرمائے۔ ؎

اے خدا بر تربت او ابر رحمت ہابہار
داخلش کن از کمال فضل در بیت النعیم

☆☆☆

دھان کی کاشت کے طریقے

دھان موسم خریف کی اہم فصل ہے۔ جو نہ صرف ہماری غذائی ضروریات پورا کرتی ہے بلکہ اس کی برآمد سے قیمتی زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے۔ اس مضمون میں دی گئی سفارشات پر عمل پیرا ہو کر ہمارے کاشتکار دھان کی فی ایکڑ پیداوار بڑھا سکتے ہیں۔

موزوں زمین

دھان کی فصل مختلف اقسام کی زمینوں میں کاشت کی جا سکتی ہے۔ سوائے ریتلی زمینوں کے جس میں چکنی مٹی کے ذرات کم ہوں اور وہاں پانی کھڑا نہ رہ سکے۔ زرخیز زمینوں کے علاوہ ایسی شور زدہ اور کلراٹھی زمینوں میں بھی یہ کامیابی سے اگائی جا سکتی ہے جہاں کوئی اور فصل کامیاب نہیں ہو سکتی۔

منظور شدہ اقسام کی کاشت

زہر لگا کر بیج کاشت کرنا

دھان کی فصل کو بکائنی اور پتوں کے بھورے دھبے جیسی بیماریوں سے بچانے کے لئے محکمہ زراعت کے مقامی عملہ کے مشورہ سے بیج کو سفارش کردہ پھپھوندی کش زہر بحساب دو تا اڑھائی گرام فی کلو گرام بیج لگائیں۔ کاشت سے دو ہفتے قبل یہ طریقہ خشک بیج کی کاشت والے علاقے کے لئے ہے۔ جن علاقوں میں کدو کے ذریعے پنیری کاشت کی جاتی ہے وہاں بیج کو دوائی ملے پانی کے محلول میں (بحساب 2 گرام زہر فی لٹر پانی 24 گھنٹے) بھگوئیں۔ اس کے بعد بیج کو نکال کر سایہ دار جگہ پر رکھ کر ڈبو دیں پھپھوندی کش زہروں کا انتخاب مقامی زرعی توسیعی عملہ کے مشورہ سے کریں۔

شرح بیج: دھان کی ایک ایکڑ کی پنیری اگانے کے لئے بلحاظ قسم شرح بیج درج ذیل ہے۔

پنیری کی کاشت کا وقت

دھان کی پنیری 20 مئی سے پہلے کاشت نہ کریں۔ باسمتی 370 اور باسمتی 385 کی کاشت کا وقت یکم جون تا 20 جون ہے لیکن مجبوری کی حالت میں پنیری 30 جون تک کاشت کی جا سکتی ہے۔

پنیری کاشت کرنے کے طریقے

1۔ کدو کا طریقہ

کھیت میں پنیری کاشت کرنے سے پہلے ایک یا دو دفعہ خشک ہل چلائیں اور پھر اسے پنیری بونے سے تین دن پہلے پانی سے بھر دیں۔ دوہرا ہل چلائیں اور سہاگہ دیں۔ کھیت کو دس دس مرلے کے پلاٹوں میں تقسیم کر کے انگوری مارے ہوئے بیج کا چھٹہ دیں۔ چھٹہ دیتے وقت کھیت میں ایک تا ڈیڑھ انچ پانی کھڑا ہونا چاہئے۔ بہتر ہے کہ چھٹہ شام کے وقت دیں۔ اس طریقہ سے پنیری 25 تا 30 دن میں تیار ہو جاتی ہے۔

2۔ خشک طریقہ

یہ طریقہ ان علاقوں کے لئے ہے جہاں زمین میرا ہے اور پانی کھڑا نہیں ہو سکتا۔ زمین کو پانی دے کر وتر حالت میں لایا جائے اور پھر دوہرا ہل اور سہاگہ دے کر کھیت کو کھلا چھوڑ دیں تا کہ جڑی بوٹیاں اگ آئیں۔ پنیری کی کاشت سے پہلے دوہرا ہل چلا کر سہاگہ دیا جائے اور تیار شدہ کھیت میں خشک بھیج کا چھٹہ دیا جائے پھر اس پر روڑی، توڑی، پھک یا پرالی کی ایک انچ موٹی تہہ بکھیر دیں۔ اس کے بعد ہلکا پانی لگائیں۔ اس طریقہ سے پنیری 30 تا 35 دن میں تیار ہو جاتی ہے۔

3۔ راب کا طریقہ

یہ طریقہ ڈیرہ غازی خان اور مظفر گڑھ کے اضلاع میں رائج ہے۔ جہاں زمین عموماً سخت ہوتی ہے خشک زمین میں تین تا چار مرتبہ ہل چلا کر سہاگہ دینے کے بعد زمین کو باریک اور بھربھرا کرلیں۔ ہموار کردہ کھیت میں گوبر، پھک یا پرالی کی دو انچ تہہ ڈال کر آگ لگا دیں۔ راکھ ٹھنڈی ہونے پر زمین میں ملا دیں۔ بعد ازاں بیج بحساب سفارش کردہ مقدار چھٹہ دیں۔ کیاریوں کو پانی آہستہ آہستہ لگائیں۔

پنیری کے لئے کھادیں

اگر پنیری کمزور نظر آئے تو یوریا 1/4 کلوگرام یا 1/2 کلوگرام امونیم سلفیٹ فی مرلہ کے حساب سے پنیری کی منتقلی سے دس دن پہلے ڈالیں۔ نرسری کے لئے کھیت کی تیاری کے دوران 35 فیصد والا زنک سلفیٹ بحساب 24 کلوگرام فی ایکڑ ڈالیں۔

پنیری کی کیڑوں مکوڑوں سے حفاظت

دھان کا ٹوکہ بعض اوقات پنیری پر شدید حملہ کرتا ہے جس کی وجہ سے کاشتکاروں کو دوبارہ پنیری لگانی پڑتی ہے۔ اس کے تدارک کے لئے ضروری ہے کہ کھیت کی وٹوں اور کھالوں کی صفائی کی جائے اور فروری مارچ میں کھیت کی وٹوں پر محکمہ زراعت کے مقامی عملہ کے مشورہ سے سفارش کردہ زہر کا دھوڑا کیا جائے تا کہ یہ انڈوں سے نکلتے ہی مر جائے اور پنیری تک نہ پہنچ سکے۔ اگر پنیری پر ٹوکے کا حملہ ہو جائے اور

معاشی نقصان دہ حد (2 ٹو کے فی نیٹ) تک پہنچ جائے تو سفارش کردہ زہر کا پنیری اور اس کے ارد گرد کی وٹوں پر دھوڑا کریں۔ تنے کی سنڈیوں کے حملے کی صورت میں اگر پنیری پر حملہ معاشی نقصان کی حد یعنی 0.5 فیصد سوک تک پہنچ جائے تو سفارش کردہ دانہ دار زہر ڈالیں۔

پنیری کی عمر اور پودوں کی تعداد

کھیت میں منتقلی کی مناسب عمر 25 سے 40 دن ہے۔ 40 دن سے زیادہ عمر کی پنیری پیداوار میں کمی کا باعث بنتی ہے۔ پودے 9-9 انچ یا ایک بالشت کے فاصلے پر لگائیں تو پودوں کی تعداد تقریباً اسی ہزار بنتی ہے جس سے پیداوار میں 25 فیصد تک اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

زمین کی تیاری

(الف) اگر پانی معمول کے مطابق دستیاب ہو: مکمل کدو والے طریقہ میں زمین کو تقریباً ایک ماہ پہلے پانی دیا جائے اور چند دن بعد زمین میں دوہرا ہل اور سہاگہ دیا جائے۔ یہ عمل ہفتہ عشرہ بعد تین دفعہ کیا جائے۔ زمین کی تیاری کے دوران کھیت کو ہوا لگنے دی جائے تا کہ جڑی بوٹیاں اگ آئیں اور ہل سہاگہ چلانے کے بعد تلف ہو جائیں۔ اس طریقہ میں جڑی بوٹیاں اچھی طرح تلف ہو جاتی ہیں اور زمین کی زرخیزی میں بھی نامیاتی مادہ کے گلنے سڑنے سے اضافہ ہو جاتا ہے۔

(ب) اگر پانی کی کمی ہو: آج کل کے حالات میں جبکہ پانی کی شدید کمی ہے زمین کی تیاری کے لئے اگر بارش ہو تو زمین کو وتر کی حالت میں ہل اور سہاگہ چلا کر بھربھرا اور نرم کر لیں۔ بصورت دیگر کھیت کو ہلکا پانی لگا کر زمین تیار کر لیں۔ اس کے بعد لاب لگانے کے لئے زمین کی تیاری تک کھیت کو کھلا چھوڑ دیں تا کہ زمین میں موجود کیڑے مکوڑے اور بیماریوں کے جراثیم مر جائیں۔ علاوہ ازیں زمین زرخیز بھی ہو جاتی ہے۔ پھر لاب کی منتقلی سے تین دن پہلے کھیت کو پانی دے کر دوہرا ہل اور سہاگہ چلا کر کدو کریں اور زمین لاب کے لئے تیار کر لیں۔ اس طرح تیار شدہ زمین میں اگلے دن لاب منتقل کریں۔

لاب کی منتقلی

(1) کھیت میں لاب کی منتقلی کے وقت پنیری کی عمر 25 تا 40 دن کے درمیان ہونی چاہئے۔ پنیری اکھاڑنے سے ایک دو روز پہلے پانی دے دیں تا کہ زمین نرم ہو جائے اور اکھاڑتے وقت پودا نہ ٹوٹے۔ لاب کی منتقلی ڈیڑھ انچ گہرے پانی میں کرنے چاہئے۔ اس عمل کے دوران پودے کو انگلیوں اور انگوٹھے سے پکڑ کر زمین میں مضبوطی سے دبا دیا جائے۔

(2) پہلے ہفتے میں پانی کی گہرائی ڈیڑھ انچ رکھیں پھر آہستہ آہستہ گہرائی تین انچ کر دیں لیکن پانی کی گہرائی تین انچ سے زیادہ نہ کریں ورنہ پودے کم شاخیں نکالیں گے اور پیداوار کم ہو جائے گی۔

(3) لاب اکھاڑتے وقت جھلسے ہوئے یا سنڈی سے متاثرہ پودے وہیں تلف کر دیں۔

(4) دو، دو پودے 9-9 انچ کے فاصلے پر اکٹھے لگائیں۔ اس طرح فی ایکڑ سوراخوں کی تعداد تقریباً 80000 بنتی ہے اور پودوں کی تعداد 160000 بنتی ہے۔

(5) لاب لگانے کے بعد فاضل پنیری کی کچھ ہتھیاں وٹوں کے ساتھ ساتھ رکھ دیں تا کہ جہاں کہیں پودے مر جائیں ان زائد ہتھیوں کی لاب سے اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔ یہ کام منتقلی کے دو ہفتوں کے اندر مکمل کر لیں۔

کلراٹھی زمینوں میں دھان کی کاشت کے لئے احتیاطی تدابیر

(1) کلر کے خلاف قوت مدافعت رکھنے والی اقسام مثلاً کے ایس 282، نیاب اری 9 اور شاہین باسمتی کاشت کی جائیں۔

(2) لاب کلر سے پاک زمین میں کاشت کی جائے۔

(3) منتقلی کے وقت لاب کی عمر 35 تا 45 دن ہونی چاہئے۔

(4) جس کھیت میں لاب منتقل کرنی ہو اس کی تیاری گہرا ہل چلا کر شروع کریں لیکن کدو بالکل نہ کریں تا کہ پانی لگانے سے نمکیات کی دھلائی ہو سکے۔

(5) لاب منتقل کرنے سے پہلے 7 تا 10 دن تک کھیت میں پانی کھڑا رکھیں۔

(6) سفید کلر کی زیادتی کے باعث دھان کی نشوونما لاب کی منتقلی کے دس دن کے اندر اندر متاثر ہوتی ہے۔ اس کا حل کھیت میں پانی کی تبدیلی ہے۔ کالے کلر کی زیادتی کے باعث فصل بیس دن کے اندر اندر متاثر ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ گندھک کا تیزاب استعمال کرنے سے نشوونما بحال ہو جاتی ہے۔

(7) کھادوں کا استعمال کلر وتھور کے اثرات سے فصل کو بچا کر کریں ورنہ کھادوں کے ضیاع کا احتمال ہے۔

فصل کے لئے کھادیں (فی ایکڑ)

1۔ **موٹی اقسام:** پونے دو بوری ڈی اے پی + سوا دو بوری سلفیٹ آف پوٹاش

2۔ **باسمتی اقسام:** ڈیڑھ بوری ڈی اے پی + پونے دو بوری یوریا + ایک بوری سلفیٹ آف پوٹاش

دھان کے لئے کھادوں کا استعمال

1۔ دھان کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے نائٹروجن اور فاسفورس بنیادی اجزاء کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ریتلی زمینوں میں پوٹاش کی ضرورت ہوتی ہے۔

2۔ شروع میں کھادیں ڈالتے وقت اس بات کا خیال رکھا جائے کہ یہ زمین میں اچھی طرح مل جائیں۔ اگر یہ کھادیں خصوصاً نائٹروجنی کھادیں زمین کے اوپر رہ جائیں تو ان کے ضائع ہونے کے مواقع بڑھ جائیں گے۔ کھاد کا چھٹہ دیتے وقت کھیت میں پانی کی مقدار کم سے کم رکھیں۔ بہتر ہے کہ پانی بالکل نہ ہو صرف کیچڑ ہی ہو۔ کھاد ملانے کے بعد کھیت کو پانی دے کر سہاگہ دیں۔

3۔ آخری مرتبہ ہل چلا کر زمین میں فاسفورس اور پوٹاش کی ساری مقدار اور موٹی اقسام اور باسمتی اقسام کے لئے نائٹروجن اور باسمتی کی دیر سے پکنے والی اقسام کے لئے 1/3 نائٹروجن کا چھٹہ دے کر سہاگہ دیں تا کہ کھاد زمین کے اندر چلی جائے۔

4۔ کلراٹھی زمینوں میں امونیم سلفیٹ اور سنگل سپر فاسفیٹ بہتر نتائج دیتی ہیں۔

5۔ بقایا نائٹروجن لاب لگانے کے 35 دن بعد ڈالیں۔ میرا زمین میں یا دیر سے پکنے والی باسمتی اقسام کے لئے نائٹروجن تین قسطوں میں استعمال کریں۔ اوپر والی کھاد ڈالنے سے پہلے چار پانچ دن کے لئے فصل کو ہلکا سا سوکا دیں۔ اس کے بعد کھاد کا چھٹہ دے کر پانی لگا دیں۔

6۔ جزوی طور پر باڑہ زمین اور ناقص ٹیوب ویل کے پانی (زائد سوڈیم) سے سیراب ہونے والی زمینوں میں کھادوں کے ساتھ جپسم بحساب پانچ بوری فی ایکڑ بہت اچھے نتائج دیتا ہے۔

زنک کی کمی کی علامات

زنک کی کمی کی صورت میں پودے کے نچلے پتوں پر چھوٹے چھوٹے بھورے سیاہی مائل دھبے دکھائی دیتے ہیں۔ پھر یہ دھبے اوپر والے پتوں پر ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور پتے زنگ آلود دکھائی دیتے ہیں۔ پودے کی بڑھوتری رک جاتی ہے۔ پودے کو اگر اکھاڑنے کی کوشش کی جائے تو بغیر کسی دقت کے اکھڑ جاتا ہے کیونکہ اس کی جڑوں کی نشوونما نہیں ہوتی۔ زیادہ کمی کی صورت میں پتہ درمیان سے لمبائی یا چوڑائی کے رخ پھٹ جاتا ہے۔

زنک کی کمی دور کرنے کے لئے ہدایات

اگر پنیری کو کھیت میں منتقل کرنے سے پہلے اس کی جڑوں کو زنک آکسائیڈ کے دو فیصد محلول میں ڈبو کر لگایا جائے تو زنک کی کمی کافی حد تک پوری کی جا سکتی ہے۔ اس کے لئے اگر ایک کلوگرام زنک آکسائیڈ 50 لیٹر پانی میں حل کریں تو یہ ایک ایکڑ فصل کی پنیری کے لئے کافی ہوتا ہے۔ یہ طریقہ معمولی کمی کی صورت میں کارگر ہے۔ زیادہ کمی کی صورت میں 35 فیصد والا زنک سلفیٹ بحساب 5 کلوگرام فی ایکڑ یا 20 فیصد والا زنک سلفیٹ بحساب 10 کلوگرام فی ایکڑ لاب منتقل کرنے کے دس دن بعد چھٹہ دیں۔

بوران کی کمی کی علامات: پودوں کا قد چھوٹا رہ جاتا ہے۔ نئے نکلتے ہوئے پتوں کی نوکیں سفید اور لپٹی ہوتی ہیں۔ شدید کمی کی صورت میں نئے نکلنے والے پتے گر جاتے ہیں۔ لیکن نئے شگوفے (Tillers) نکلتے رہتے ہیں۔ اگر بوران کی کمی سٹے نکلتے وقت آئے تو سٹے میں دانے نہیں بنتے۔

بوران کی کمی دور کرنے کے لئے ہدایات:
بوران کی کمی چاول والے علاقوں میں دیکھی گئی ہے اور مسلسل تجربات سے یہ ثابت ہوا ہے کہ بوریکس کا استعمال پیداوار میں اضافہ کا باعث بنتا ہے۔ اس لئے پنیری کی منتقلی کے لئے زمین کی تیاری کے وقت 3 کلو گرام بوریکس فی ایکڑ ضرور استعمال کریں۔

لاب لگانے کے بعد آبپاشی

(الف) اگر پانی معمول کے مطابق دستیاب ہو: اگر پانی کی فراہمی معمول کے مطابق وافر ہو تو لاب لگانے کے وقت پانی کی گہرائی 3 تا 4 سینٹی میٹر (ایک تا ڈیڑھ انچ) رکھیں اور بتدریج پانی کی گہرائی 7 تا 8 سینٹی میٹر (3 انچ تقریباً) کر دیں۔ لاب کی منتقلی کے بعد ایک ماہ تک کھیت میں پانی متواتر کھڑا رکھیں تا کہ جڑی بوٹیاں کنٹرول میں رہیں۔ اس کے بعد کھیت کو چند دن کے لئے ہوا لگائیں تا کہ متواتر پانی کھڑا رہنے سے جو نقصان دہ مرکبات زمین میں بن چکے ہوں وہ ختم ہو جائیں۔ پھر مطلوبہ مقدار میں نائٹروجن والی کھاد ڈالنے کے فوراً بعد پانی دیں۔ دانے دار زہریں ڈالتے وقت بھی کھیت میں پانی کی گہرائی 7 تا 8 سینٹی میٹر رکھیں۔ ان اوقات کے علاوہ کھیت گارہ (Saturated) کی صورت میں رکھیں۔ فصل کے پکنے سے 15 دن پہلے پانی دینا بند کر دیں تا کہ فصل کی کٹائی آسانی سے ہو سکے۔

(ب) اگر پانی کم ہو: لاب لگانے کے وقت اچھی طرح ہموار کئے گئے کھیت میں پانی کی گہرائی 3 سینٹی میٹر رکھیں اور پانی کی یہ سطح 15 تا 20 دن تک کھیت میں رکھیں۔ اس کے بعد 20 تا 25 دن زمین گارے (Saturated) کی صورت میں رکھیں۔ جب نائٹروجنی کھاد ڈالنی ہو تو گارے کی حالت میں ڈالیں اور بعد میں آبپاشی کریں۔ دانہ دار زہر استعمال کرنی ہو تو کھیت کی پہلی آبپاشی کر لیں اور کھڑے پانی میں زہر کا چھٹہ دیں۔

جڑی بوٹیوں کی تلفی

1۔ لاب کی منتقلی ایک ماہ کے اندر اندر جڑی بوٹیاں لازمی طور پر تلف کر لینی چاہئیں۔ 2۔ جڑی بوٹیاں پودے کو غذا سے محروم کرنے کے علاوہ اس کی کوالٹی کو بھی متاثر کرتی ہیں۔ 3۔ زمین کی خاطر خواہ تیاری سے جڑی بوٹیاں پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح دھان والی زمین میں ہر چار سال بعد ادل بدل کے ساتھ چارے والی فصل یا سبز کھاد والی فصلیں کاشت کرنی چاہئیں۔ 4۔ اگر وافر مقدار میں پانی موجود ہو تو جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لئے کھیت میں لاب کی منتقلی کے بعد 30 دن تک پانی کی سطح 3 انچ تک برقرار رکھیں۔ 5۔ اری اور باسمتی اقسام کا ادل بدل کرنا بھی جڑی بوٹیوں سے نجات حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ 6۔ اگر جڑی بوٹیوں کی تلفی بذریعہ زہر کرنی ہو تو جڑی بوٹی مار زہر لاب کی منتقلی کے 3 تا 5 دن کے اندر اندر استعمال کریں۔ 7۔ دھان کی جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لئے کیمیائی زہروں کا انتخاب مقامی زرعی کارکن کے مشورہ سے کریں۔

دھان کی بیماریاں

بکائنی، دھان کا بھکا، پتوں کا جراثیمی جھلساؤ اور پتوں کے بھورے دھبے اہم بیماریاں ہیں۔ بکائنی اور پتوں کے بھورے دھبے کے کنٹرول کے لئے پنیری کاشت کرنے سے پہلے بیج کو سفارش کردہ پھپھوندی کش زہر لگائیں۔ دھان کا بھکا ان کھیتوں میں زیادہ ہوتا ہے جہاں پانی کھڑا نہیں رکھا جا سکتا لہٰذا ایسے کھیتوں میں گوبھ سے لے کر مونجر نکلنے کے دو ہفتے بعد تک سوکا نہیں لگنے دینا چاہئے بلکہ کھیت گارہ کی حالت میں رہنا چاہئے۔ پتوں پر بھکا کی علامات ظاہر ہونے پر محکمہ زراعت کے مقامی عملہ کے مشورہ سے موزوں پھپھوندی کش زہر کا سپرے کریں اور 15 دن کے وقفہ سے ضرورت کے مطابق مزید سپرے کریں۔ پتوں کے جراثیمی جھلساؤ کے حملہ کو کم کرنے کے لئے کھیت میں گوبھ سے لے کر پکنے تک وتر کا پانی لگائیں اور بیماری ظاہر ہونے پر سفارش کردہ کاپر کمپاؤنڈ کا سپرے کریں۔ اس بیماری کے حملہ کی صورت میں حملہ شدہ کھیت سے پانی صحت مند کھیت میں نہ جانے دیں۔

فصل کی کیڑوں مکوڑوں سے حفاظت

دھان کی فصل پر تنے کی سنڈیوں، پتہ لپیٹ سنڈی اور سفید پشت والے تیلے کا حملہ ہوتا ہے۔ تنے کی سنڈیوں اور پتہ لپیٹ سنڈی کا حملہ اگست میں شروع ہوتا ہے۔ زمیندار بھائی کیڑے کی پیسٹ سکاؤٹنگ کرنے کے بعد اس کے نقصان کی معاشی حد کو دیکھتے ہوئے جن کھیتوں میں پانی کھڑا رکھا جا سکتا ہو وہاں محکمہ زراعت کے مقامی عملہ کے مشورہ سے سفارش کردہ دانہ دار زہر استعمال کریں لیکن جہاں پانی کھڑا نہیں رہتا یا پانی زیادہ گہرا ہو وہاں سفارش کردہ سرایت پذیر زہر کا سپرے حسب ضرورت منجر نکلنے تک کریں۔ سفید پشت والے تیلے کے حملے کی صورت میں اس کی معاشی حد کو دیکھتے ہوئے سرایت پذیر زہر کا اس طرح سپرے کریں کہ سپرے پودوں کے تنوں کے نچلے حصے میں بھی ہو جائے۔

دھان کے مختلف کیڑوں کے معائنہ کے طریقے

سنڈیوں کے معائنہ کا طریقہ: تعین شدہ مقامات پر پودوں اور شاخوں کی کل تعداد معلوم کی جائے گی۔ ان میں حملہ شدہ شاخوں کی تعداد معلوم کر کے حملہ فی صد نوٹ کیا جائے گا۔

تیلہ کے معائنہ کا طریقہ: تیلہ کا حملہ لاب لگانے کے 45 دن بعد شروع ہوتا ہے لیکن اس کی تعداد بڑھتی رہتی ہے موسمی حالات کے مطابق اور ستمبر کے وسط میں اس کا حملہ شدت اختیار کر جاتا ہے۔ یہ کیڑا بالغ اور بچہ دونوں حالتوں میں نقصان پہنچاتا ہے بتائے گئے پیسٹ سکاؤٹنگ کے طریقوں کے مطابق منتخب کھیت سے چاروں پوائنٹس پر اس کے بالغ اور بچہ فی پودا نوٹ کئے جائیں گے۔

